جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

شاعر اہلبیتؑ سید ضمیر الحسن تنویرؔ

مصور ظہور کاظمی

کمپوزنگ سید نبیل حسن گیلانی (گیلانی پریس)

اشاعت اول

تاریخ طباعت اپریل 2000

تعداد ایک ہزار

ناشر طفیل آرٹ پرنٹرز

ہدیہ بلا معاوضہ

تعاونِ خصوصی ...... محترم فراست علی بٹ

رابطہ

امام بارگاہ باقر علی بٹ (مرحوم) مغل حویلی

اندرون موچی گیٹ، لاہور

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
	نوحہ جات اردو	
1	جب ماہِ محرم آتا ہے	1
2	کربل میں کیوں باغ نبیؐ کا امت نے ویران کیا	2
3	اسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ	3
4	ہائے مٹ جاتا اسلام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے	5
5	دیکھ لوائے کو فیو میں زینبؑ دلگیر ہوں	6
6	دین کو زندہ جاوید بنانے کیلئے تیرا ایثار شاہِ کرب وبلا کافی ہے	7
7	اے چاند محرم تو ہی بتا خاتون کا چاند کہاں ہے	9
8	تابوت پے حسنؑ کے یہ تیر کیسے برسے	10
9	احمدؐ کے نواسے کا جو پیغام نہ ہوتا	11
10	اولادِ مصطفٰےؐ پے قیامت گزر گئی	12
11	شہیدِ کربلاؑ پُر درد یہ تیرا افسانہ ہے	13
12	لٹا ہے کربل کی سر زمین پر جو آلِ احمد کا کارواں ہے	14
13	گلشنِ آلِ محمدؐ ہو گیا ویران ہے	15
14	مظلوم کربلا کی عزادار آگئی	16
15	آجا علی اصغرؑ تمہیں سینے سے لگالوں	18
16	فرزندِ فاطمہ کو امت نے کیوں ستایا	19
17	حسینؑ تجھ کو زمانہ بھلا نہیں سکتا	21
18	زینبؑ تیری چادر کے لٹ جانے کا ارماں ہے	22
19	گلزارِ پنجتن کا بس آخری یہ پھول ہے	23
20	شبیرؑ پہ اتنے ظلم کئے اسلام کے دعویداروں نے	25
21	کس طرح تم کو سناؤں کربل کی داستاں	26
22	تیرے دم سے حسینؑ ابن علیؑ اسلام باقی ہے	27

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
23	پرچم عباسؑ پہ لکھی ہے غم کی داستاں	28
24	دن عاشور کا گزرا کیسے یہ مظلوم شبیرؑ سے پوچھو	29
25	غمگین دو جہاں کربل کی داستاں سے	30
26	کیوں اجرِ رسالت کا فرمان بھلایا ہے	31
27	گر دین میں قربانی اے شبیرؑ نہ ہوتی	33
28	آبِ خنجر سے ہوا تر ہے گلا شبیرؑ کا	34
29	سجادؑ بتا پردا میرا کون بچائے	36
30	کربل میں کیوں ہوئی ہیں جفائیں جواب دو	37
31	کر چکے شبیرؑ جب خنجر تلے سجدہ ادا	39
32	لٹی ہے آلِ نبی دین کی بقاء کیلئے	41
33	ہائے رک نہ سکے گی دنیا سے شبیرؑ کی ماتم داری	42
34	فرزندِ محمدؐ کو تیروں سے چھپایا ہے	43
35	اٹھا کلثومؑ زینبؑ کے سروں سے باپ کا سایا	44
36	مولا علیؑ پہ سجدے میں خنجر چلا دیا	45
37	مقتل میں ہے حسینؑ کا لاشہ تڑپ رہا	46
38	اکیلی رہ گئی بھائی گئے بچھڑ زینبؑ	48
39	دم توڑ گیا اکبرؑ شبیرؑ کی بانہوں میں	50
40	خنجر تلے زینبؑ نے بھائی کا گلا دیکھا	51
41	جہاں میں آئے تھے غازی تو بس وفا کیلئے	52
42	مسلمؑ کے یتیموں پہ حارث نے ستم ڈھایا	53
43	دیا ہے درس جرأت دخترِ کرارؑ زینبؑ	54

نوحہ جات پنجابی / سرائیکی

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
1	نانا رل گئی تیڈی آل	56
2	وچہ جنگل کرب بلا دے برباد تھیا زہراؑ دا چمن	57
3	ہائے زینبؑ درد ستائی	58
4	اسلام دی ہو تکمیل گئی جدوں زینبؑ وچہ بازار گئی	59
5	کل عالم اتے احسان کیتا ہے چن زہراؑ	60
6	زہراؑ جائی رات ڈاہویں دی مشکل نال نبھائی ہے	61
7	دیگر ویلے وطنوں ٹریا پاک بتولؑ دا جانی ہے	62
8	پھل قاسمؑ دے سہرے والے کیوں ڈسدے کملائے نے	64
9	پردیس وچہ تیڈی بھین ہے گئی رل بائے زہراؑ دا جایا	65
10	لاش تیڈی ہے دھپ تے ویرن بھین دی شام تیاری ہے	66
11	رونڑ رت سجادؑ وطن ہے شام دا اے بازار نہیں	67
12	جگ توں وکھری موسےؑ کاظمؑ ظلم دی قید نبھائی ہے	68
13	گل دیرتے خنجر چلدا کیویں زینبؑ ڈھدی رہی ہوسن	69
14	کیوں ریگزر ویلے وطن کنوں ٹری آل عباء رب خیر کرے	70
15	ماتم ہے مسلمانوں زہراؑ دے لٹے گھر دا	71
16	بن قیدی ویر دی لاش اتے کھڑی مقتل وچہ حیران زینبؑ	72
17	کربل دی گرم زمین اتے بن کفن دے چھوڑ ٹر آگئی اے	73
18	شبیرؑ تیری مظلومی تے پئی روسیں دنیا ساری اے	74
19	مدینہ چھوڑ کربل وچہ نیں شبیرؑ آیا ہے	75
20	یثرب دی شہزادیاں دا کیتا شامیاں استقبال	76

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
21	لتھا زین توں چمن نبی ہاشم دا غازی سلطان وفا دا	77
22	بے کفن شہید دی میت اُتے پئی زینبؑ کردی وین	78
23	زہراؑ دیاں جائیاں وین رن پیا جگ توں ٹر دا حسنؑ بھرا	80
24	میڈا آ گیا وقت آخیر بھین تیں رُل ونجناں	81
25	مظلوم ہے جنازہ سبطِ نبیؐ حسنؑ دا	82
26	اسلام دے دعوے دارو ماتم اج حیدرؑ دا	83
27	میں غیرت پنجتن دی ہاں میرے سر تے ردا کوئی نہیں	84
28	صغرا رہی تکدی راہنواں اکبرؑ نہیں آیا	85
29	کربل وچ دھی زہراؑ دی اُجڑ گئی لوگو	86
30	زہراؑ نوں ظالم اُمت نے کیوں بعد رسولؐ ستایا ہے	88
31	یااللہ زینبؑ دے وانگوں اُجڑے نہ کوئی ہمشیر	90
32	سمجھ کے حارث نے بے وارث مُسلم دے شہزادے	91
33	قرآن نوں قاریاں قتل کیتا کر قید لیا تفسیر اں نوں	92
34	مظلوم حسینؑ دا غم کرنا سانوں زینبؑ آپ سکھا گئی اے	93
35	آیا ہے عزادارو مُحرم دا مہینہ	94
36	شبیرؑ والے ماتم زینبؑ دی امانت ہے	95
37	لوگوا ے جنازہ ہے داماد پیغمبر دا	96
38	ہائے رُل کے جنگلاں وچ سید اسلام تے کر احسان گئے	97
39	شبیرؑ دی مقتل وچ کھڑی رندی زہراؑ جائی	98
40	چمن زہراؑ دے چھوڑ مدینہ کربل آن وسایا ہے	99
41	اُٹھ جاگ علی اصغر ویرن تینوں لوریاں بھین سناوے	101
42	رَب خیر کرے دھی زہراؑ دی پئی خیمیوں باہر آندی اے	102

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
43	ہر کلمہ گو توں پچھدا اتو ہی اے سوال اے	103
44	اصغر دے نازک گل دیوچ جدوں لگ حُرمل دا تیر گیا	104
45	کالا علم گواہ ہے غازی تیری وفا دا	105
46	زینبؑ وطن توں ٹر پئی عباسؑ دے سہارے	107
47	حسنینؑ تے زینبؑ دے سر توں گیا اُٹھ بابے دا سایا ہے	108
48	اسلام دا محسن قتل ہویا سر تاج رسول دی دھی دا	109
49	بابے دے پاک جنازے تے آئی پنجتن دی غمخوار اے	110
50	شاہِ نجف دے سر تے خنجر شقی چلایا	111
51	اسلام دے محسن دا اَج یومِ شہادت ہے	112
52	کاظم امام نوں ملی کس جرم دی سزا	113
53	زہراؑ دے چمن دی لوگو درداں بھری کہانی	114
54	سبطِ نبیؐ دی لوگو بس ہور کوئی خطا نہیں	115
55	ٹر پئی اے شام زینبؑ سجادؑ دے سہارے	116
56	مظلوم دا اے ماتم کائنات دیوچ جاری	118
57	زہراؑ دے اُجڑے گلشن دا جس زل دیوچ ارمان نہیں	119
58	سجادؑ دی زندگی مُک گئی ہے ہر دُکھ گیا ہے صبر دے نال نبھا	120
59	شبیرؑ تے زینبؑ اسلام تے احسان	122
60	کربل دی سرزمیں تے لُٹ گئی بتول زادی	123
61	زہراؑ دیاں دھیاں دا غمخوار رہیا کوئی نہیں	124
62	احسان کُل جہاں تے مظلوم کربلا دا	125
63	شبیرؑ آکھے پڑھ بسم اللہ دے فجر دی توں آذان اکبرؑ	126
64	ماتم بھرا دا کر دی گئی شام زہراؑ جائی	127

شاعرِ اہلبیتؑ

سید ضمیر الحسن تنویر

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
65	زینبؑ بچا لیا ہے اسلام دا نظام	129
66	غازیؑ دی بھین زینبؑ محتاج ہے ردا دی	131
67	لُٹ گیا دشت وچہ گلشنِ پنجتنؑ	133
68	پُتراں دی موت دا غم کدے بھلدیاں نئیں ماواں	135
69	میرا امیر ویرن غربت دی دے صدا نئیں	137
70	سجادؑ دی زندگی دی نگہبان ہے زینبؑ	139
71	جگ تے مثال بن گئی عباسؑ دی وفا	141
72	گیا ماریا چمن زہراؑ دا زینبؑ رُل گئی اے	142
73	مسلم دے لال کیتے تقدیر نے جدا	143
74	مجبوری کوئی بن گئی اے ٹری دیگر ویلے آلِ عبا	144

تعارف

سیدّ ضمیر الحسن تنوؔیر کے والد گرامی مولوی سیدّ کاظم حسین شاہ ہیں، اُنکے دادا مولوی سیدّ شیر علی شاہ ذاکرِ اہلبیت تھے، جن کی تمام زندگی مدحت محمدؐ و آلِ محمدؐ میں گذری، اِسطرح ذکرِ اہلبیت سیدّ ضمیر الحسن کو ورثہ میں ملا۔ اِن کے آباء واجداد کا سلسلہ نسب جناب اِمام محمد تقی علیہ السلام کے فرزند امام زادہ حضرت موسیٰؑ مبر قعؑ سے ملتا ہے۔ یہ خاندان ایران سے ہجرت کر کے مغربی پنجاب کے ایک شہر خوشاب میں مقیم ہوا۔ یہ سادات تقوی رِضوی کہلاتے ہیں۔ دورانِ تعلیم سیدّ ضمیر الحسؔن کو اپنے نانا سیدّ صفدر علی شاہ خائفؔ مرحوم کی سرپرستی نصیب ہوئی جو کہ مُسدس، رباعی، نوحہ کے مستند شاعر تھے۔ اُنکی صحبت اور ماحول کے اثر سے تنوؔیر صاحب نے سال 1958 میں شاعری کا آغاز کیا اور اپنے ماموں سیدّ محمد ظفر عباس، ملک محمد عزیز وغیرہ کے ہمراہ نوحہ خواں پارٹی تشکیل دے کر نوحہ خوانی شروع کی۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد محکمہ تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی جوہر آباد میں ملازمت اختیار کرلی۔ دورانِ ملازمت اُنہیں بزرگ شعراء جناب راجہ عبدالغفور جوہر نظامی اور سیدّ قیصر عباس بارہوی مرحوم سے استفادہ کا موقع ملا۔ جن سے وقتاً فوقتاً مشورہ لیتے رہے۔ سال 1971 میں محکمہ تھل ختم ہونے پر تنوؔیر

صاحب کی تعیناتی بورڈ آف ریونیو پنجاب میں ہوئی۔ چونکہ اُنکی شادی 1964 میں بخاری خاندان جو کہ کوچہ ماشکیاں اندرون موچیدروازہ میں سکونت پذیر ہیں ہو چکی تھی اس لئے وہ معہ اہل وعیال لاہور منتقل ہوگئے۔ جب تصدق خاں صاحب نے مصری شاہ میں الگ ماتمی سنگت کی بنیاد رکھی تو تنویرؔ صاحب نے چوہدری محمد سلیم ساقی، پیارے خان وغیرہ کے ساتھ مل کراِس سنگت میں تقریباً 2 سال تک نوحہ خوانی کی اِس طرح لاہور کے جلوس ہائے ماتم میں وہ متعارف ہوئے۔ اُن کا لکھا ہوا پنجابی نوحہ :-

میں غیرت پنجتن دی ہاں میرے سر تے رِدا کوئی نئیں
رہیا غمخوار دُنیا تے میرا عابدؑ سوا کوئی نئیں

بے حد مقبول ہوا۔ اِسی دوران العباس نوحہ خواں پارٹی کٹڑی باوا چونا منڈی والوں نے تنویرؔ صاحب سے ایک نوحہ بسلسلہ شہادت جناب علیؑ علیہ السلام لکھوایا۔ جسکی طرز مشہور موسیقار غلام قادر شگن نے ترتیب دی جسکا مطلع یہ تھا:-

اِسلام دا مُحسن قتل ہویا سر تاج رسول دی دھی دا
زہراؑ دے لال یتیم ہوئے گیا ماریا ویر نبیؐ دا

یہ نوحہ بھی بہت مقبول ہوا اور اب تک ہر سال پڑھا جاتا ہے۔ اِس کے بعد ایک اُردو نوحہ۔ احمدؐ کے نواسے کا جو پیغام نہ ہوتا ۔ اسلام کا دُنیا



سیّد صفدر علی شاہ حائف

میں کہیں نام نہ ہوتا تنویرؔ صاحب نے تحریر کیا اور سوز موسیقار ذُوالفقار علی نے ترتیب دیا اور العباس نوحہ خواں پارٹی نے پڑھا۔ یہ نوحہ شاعر اور نوحہ خواں پارٹی دونوں کی پہچان بن گیا۔ بعد ازاں متعدد نوحہ جات کے سوز جناب وزیر افضل موسیقار اور اُن کے فرزند اکبر عباس نے ترتیب دیئے اور تمام نوحے العباس نوحہ خواں پارٹی نے نہائت پر سوز انداز میں جلوس ہائے ماتم میں پڑھے اِس کے علاوہ مرکزی ماتمی سنگت ڈھوک رتہ راولپنڈی اور سیدّ مجاہد حسین نوحہ خواں پارٹی خوشاب میں بھی تنویرؔ صاحب کے نوحے پڑھے جاتے ہیں۔ تنویر صاحب 1971 تا 1982 لاہور میں مقیم رہے۔ اِس دوران ان کی نشست جناب ایوب علی خان مرحوم کے گھر رہی جہاں سیدّ کلبِ عباس، راقم سیدّ صفدر کاظمی، آغا سجاّد، جعفری برادران، سید رضا کاظمی، پیارے خان شرکت کرتے جہاں ذکرِ محمدؐ وآلِ محمدؐ و سوز خوانی نوحہ خوانی کی محفل رات گئے تک جاری رہتی۔ تنویرؔ صاحب صرف نوحہ لکھتے ہیں، تاہم اُن کی یہ انفرادیت ہے کہ اُنھوں نے اردو، پنجابی اور سرائیکی میں نوحے لکھے ہیں جو کہ یکساں طور پر مقبول ہوئے ہیں۔ شاہ صاحب کا تعلق چونکہ سرائیکی پٹی کے ملحقہ علاقے سے تھا، اور وہ دورانِ ملازمت بھکر، کلور کوٹ اور میانوالی میں مجموعی طور 7 سال تک تعینات رہے جس کی وجہ سے اُن کے کلام میں سرائیکی زبان کے الفاظ اور سرائیکی زبان میں اہلبیتِ محمدؐ کے مصائب کا انداز نمایاں نظر آتا ہے۔ 1984 سے تنویرؔ صاحب بسلسلہ شہادت جناب اِمام زین العابدین علیہ السلام 25 محرم الحرام ہر سال نیا نوحہ لکھتے ہیں جس کی طرز اکبر عباس مرتب کرتے ہیں اور العباس نوحہ خواں پارٹی چوک نواب صاحب اندرون موچیدروازہ میں پڑھتی ہے۔ اِن مخصوص نوحہ جات کو انتہائی مقبولیت حاصل ہے۔ جُملہ عزادار اور ماتمی حضرات اِس کے منتظر رہتے ہیں۔ تنویرؔ صاحب 1982 سے اپنے آبائی ضلع خوشاب منتقل ہو چکے ہیں اور آج کل جوہر آباد میں مقیم ہیں۔ جناب ایوب علی خان صاحب کی وفات کے بعد تنویرؔ صاحب جب بھی لاہور آتے ہیں تو اُن کی نشست جناب فراست علی بٹ کے امام بارگاہ باقر علی بٹ مغل حویلی اندرون موچیدروازہ میں ہوتی ہے۔ جہاں دیگر احباب کے علاوہ جناب خواجہ بشارت حسین کربلائی بھی شرکت کرتے ہیں۔ اِس کتاب کی طباعت کے لئے فراست علی بٹ صاحب کے تحرک پر راقم نے تنویرؔ صاحب سے کلام حاصل کرکے ترتیب دیا ہے۔ جناب فراست بٹ صاحب کے خلوص اور لگن سے یہ سلسلہ طباعت کی منزل تک پہنچی ہے۔ بٹ صاحب کی مساعی یقیناً احسان کے مترادف ہے۔ قارئین دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بحقِ محمدؐ وآلِ محمدؐ اُن کی توفیقات میں مزید اضافہ کرے اور ذکر محمدؐ آلِ محمدؐ کے فروغ میں اُن کی محنت، لگن، خلوص اور مالی اعانت بارگاہِ

خداوندی میں قبول و منظور ہو۔ آمین۔

جہاں تک سید ضمیر الحسن تنویرؔ کے کلام، معیارِ شاعری کا تعلق ہے قارئین کرام اس کا خود فیصلہ کریں۔ میں محض ایک بات کہوں گا کہ اُن کے تحریر کردہ نوحے رقت آمیز ہوتے ہیں جو کہ عوام الناس اور حلقہ ہائے ماتم میں بہت مقبول ہیں اور یہ اُن پر شہیدانِ کربلا کی خصوصی عنائت ہے۔

آخر میں میری دعا ہے اللہ تعالیٰ تنویرؔ صاحب کو صحت و تندرستی دے اور وہ اسی طرح مدحتِ مظلوم کربلا کا فریضہ انجام دیتے رہیں اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔ آمین ثم آمین

(شاعر اہلبیت)
سیّد صفدرؔ علی کاظمی
اندرون موچی دروازہ لاہور

تاثر

کربلا کا ماننے والا کبھی بھی قلم کا محتاج نہیں رہا۔ واقع کربلا پہ بڑے بڑے جید لوگوں نے قلم کُشائی کی ہے۔ واقع کربلا خُدا کی وحدانیت کی سب سے بڑی شہادت نواسہؑ رسولؐ کی شکل میں ہے لیکن اس خطے جسمیں ہم رہائش پذیر ہیں اِس میں ہمیشہ مرثیہ گوئی کو بہت مقام حاصل رہا ہے۔ تقریباً ایک صدی کی دہائی ہمیں نوحہ خوانی کی طرف لے جارہی ہے اور اِس موجودہ دور میں سید ضمیر الحسن تنویرؔ نے جو نوحے لکھے ہیں۔ وہ ہمیں اُن کشمیری مصنفوں کی یاد دلا رہے ہیں۔ جن کے کلام گھر سے پڑھنے اور سُننے والا اپنے آپ کو محسوس کرتا تھا کہ وہ اُس کو خود دیکھ رہا ہے۔ جس طرح میں نے محلّہ شعیاں میں العباس نوحہ خواں پارٹی کٹڑی باوا چونا منڈی سے 24 محرم الحرام کی شام یہ آواز سنی۔

مظلوم کربلا کی عزادار آگئی
زینبؑ برہنہ سر سرِ بازار آگئی

تو ایک بے خُودی کا عالم چھا گیا جس میں مجھ سمیت بوڑھے اور جوان سب ماتمِ حسینؑ میں مصروف ہوگئے۔ وقت کا کوئی اندازہ نہ رہا۔ اذانِ صبح کے وقت جب ماتم اختتام پذیر ہوا تو اس نوحے کے خالق کو ملنے کا اشتیاق ہوا۔ للذا ملاقات کب ہوئی جب اسی شاعر کا لکھا ہوا نوحہ اُسی العباسؑ

نوحہ خواں پارٹی نے

دین کو زندہ جاوید بنانے کیلئے
تیرا ایثار شاہِ کربلا کافی ہے

پڑھا۔ جو اشتیاق اُس شاعر کو دیکھنے کا تھا۔ اِس نوحے کے ساتھ پورا ہوا۔ جب اِس شاعر کو دیکھا، تعارف ہوا، باتیں ہوئیں باتوں باتوں میں پُرانی شناسائی نکل آئی یہ شناسائی تو دنیاوی تھی۔ لیکن ایک شناسائی محمدؐ و آلِ محمدؐ کے ماننے والوں میں بہت قدیم ہے۔ جس کو آپ ازل سے بھی کہہ سکتے ہیں۔ یہ شاعر شکل سے مکمل شاعر نظر آیا۔ اور گفتگو میں جو مٹھاس اِن میں دیکھی وہی اُس کے کلام میں بھی نظر آتی ہے۔ تنویرؔ شاہ نے بہت سے نوحے لکھے اور اللہ تعالیٰ اُسے زندگی دے اور نوحے لکھتا رہے۔ اُس کا یہ نوحہ

ہر کلمہ گو توں پچھدا تنویرؔ اے سوال
بے جُرم و بے خطا کیوں رُل گئی نبی دی آلِ

اِس نوحے میں یہ مصرع

بے شک خلیلؑ رب دے منزل صبر دکھائی
اکھیاں تے پٹیاں بن کے لیکن چھُری چلائی
اکھیاں نوں کھولیاں رکھ کے لاشہ پسر تے آ کے
سینے توں برچھی کڈھنی شبیرؑ دا کمال اے

حقیقت کے اِس قدر قریب بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ یہ واقعہ کربلا کی حقیقت ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ تنویرؔ نے ہمیشہ اپنے کلام میں کبھی بھی واقعہ کربلا سے دور ہونے کی کوشش نہیں کی۔ یہی تنویرؔ شاہ کی خصوصیت ہے۔ انُ ہی دِنوں میں جب تنویرؔ شاہ کے لکھے ہوئے نوحوں کی گونج امام بارگاہوں سے نکل کر عزاداروں کے گلی کوچوں میں پہنچ رہی تھی تو مغل حویلی میں واقع باقر علی بٹ مرحوم کے قدیمی مکان کو اُن کے صاحبِ فراست بیٹے فراست علی بٹ نے امام بارگاہ کی صورت دے کر جدید طریقے سے تعمیر کروایا۔ فراست علی بٹ کے نانا ذاکر جان محمد جن کی وفات 1939 میں ہوئی جو اپنے وقت کے نامور کشمیری ذاکر تھے۔ جن کو گورنمنٹ کی طرف سے طوطی ہند کا خطاب ملا تھا۔ بٹ صاحب کی دادی اماں پارٹیشن کے بعد نواب مظفر علی خان فیملی کے ساتھ زیارات پر یہ کہہ کر گئیں کہ اب میں نے واپس نہیں آنا اور ایسا ہی ہوا اور سامرہ میں امام حسن عسکریؑ کے حرم میں وفات پائی اور وہیں دفن ہیں۔ یہ بزرگوں کی دعائیں ہی تھیں کہ فراست علی بٹ نے اِس امام بارگاہ کی تعمیر ایک عجب واقعہ سے شروع کی، ہوا یوں کہ اِنکا یہ مکان خستہ حال ہو چکا تھا۔ انہی دنوں فراست علی بٹ عازمِ حج ہونا چاہتے تھے۔ اِس کا ذکر انہوں نے اپنی والدہ سے کیا اور اجازت طلب کی۔ والدہ نے یہ حکم صادر کیا جب تک تم اِس قدیمی مکان کو جِس میں ایک کمرہ میں نے شہزادہ علی

اصغرؑ کے گھوارہ کیلئے مخصوص کیا ہوا ہے۔ تم اس سارے مکان کو بارگاہ شہزادہ علی اصغرؑ کے نام سے تعمیر نہیں کروا لیتے تم نہیں جا سکتے۔ لہذا فراست علی بٹ نے دیگر تمام مصروفیات ترک کر کے امام بارگاہ تعمیر کروائی۔ امام بارگاہ باقر علی بٹ میں شاعرِ اہلبیت سید صفدرؔ علی کاظمی مرحوم کی نشست شروع ہوئی اور تقریباً ہر رات ادبی محفل منعقد ہونے لگی۔ موضوع ہمیشہ واقع کربلا رہا۔ چونکہ صفدرؔ علی کاظمی خود بھی ایک مکمل شاعر تھے جن کی کتاب ردائے نور کو فراست علی بٹ چھپوا کر منظرِ عام پر لائے۔ روزانہ کی محفل جسمیں آغا ایوب علی خان مرحوم، سیدؔ صفدر علی شاہ کاظمی مرحوم، سیدؔ کلب عباس، آغا سجاد، زاقم خواجہ بشارت حسین کربلائی، فراست علی بٹ، ملک عارف، رضا کاظمی برادران، جعفری برادران، پیارے خاں، تنظیم العباسؑ چونا منڈی، نوحہ خواں شہزادہ اسلم پارٹی، لالہ بشیر صاحب، وقار علی، محمد علی بٹ، اکمل بٹ، دانش، اخضر جعفری، آفتاب حسن، عمران، سیدؔ صغیر زیدی، سیدؔ ارشد زیدی کی نشست شروع ہو گئی۔ جسمیں ایک دوسرے سے مستفیض ہوتے۔ یہیں سیدؔ ضمیر الحسن تنویرؔ بھی خوشاب سے آکر اپنے کلام کے ذریعے ہمیں روحانی تسکین دیتے رہتے ہیں۔ تنویر شاہ کیلئے میں یہ طاقت نہیں رکھتا کہ تعریفی کلمات لکھوں کیونکہ جن کیلئے وہ لکھ رہا ہے وہ جانیں اور تنویرؔ شاہ جانے لیکن ہم نے بزرگوں سے اتنا ضرور سنا ہے کہ

کربلا والے کسی کا اُدھار اپنے سر نہیں رکھتے اور تنویرؔ شاہ سے درخواست کہ جب محشر کے دن.........؟

محشر کے روز آئیگی جب نائب بتولؑ
تنویرؔ یہ کہیں گے خُدا سے میرے رسولؐ
زندہ رکھے ہیں جس نے ارادے حسینؑ کے
یا رب وہ میرے دین کی مددگار آگئی

تنویرؔ تمہارا مقام بہت اُونچا ہے ہماری بھی سفارش کر دینا۔

ناچیز

خواجہ بشارت حسین کربلائی

محلہ شیعاں موچی گیٹ لاہور

تعارف

مُحبِ اہلبیتِ اطہار فراستؔ علی بٹ ابنِ باقر علی بٹ مرحوم

لاہور میں 25 مئی کی مجلس عزا اور جلوسِ ذوالجناح کے بانی جناب باقر علی بٹ مرحوم اور آپی عنائت بیگم مرحومہ کے چشم و چراغ فراست علی بٹ نہائت راسخ العقیدہ مومن ہیں۔ والدین کی اولادِ نرینہ میں یہ چوتھے نمبر پر ہیں لیکن مذہبی تڑپ اور امام بارگاہ باقر علی بٹ کے متولی کی حیثیت سے اول نمبر ہیں۔ مجالس، نوحہ خوانی اور وارثانِ ھل اتیٰ علیہم السلام کے ایامِ ولادت اور شہادت کے سلسلے میں محافل کا انعقاد فرضِ اولین سمجھ کر انجام دیتے ہیں۔ اطرافِ پاکستان سے مختلف نوحہ خوان انجمنوں کو دعوت دے کر بلانا اور ماتم برپا کرانا اِن کی جبلت میں شامل ہے۔

اِن کی والدہ مرحومہ آپی عنائت بیگم کشمیری زبان کے معروف ذاکر جان محمد مرحوم کی صاحبزادی تھیں۔ موجودہ امام بارگاہ باقر علی بٹ اُن کی قیام گاہ کم اور عزاخانہ زیادہ تھی۔ خود کشمیری اور اردو زبان کی ذاکرہ تھیں ہمہ وقت مرثیے پڑھتی رہتی تھیں۔

محترم فراست علی بٹ

مجھے یاد ہے فراست علی بٹ نے جب والدہ سے زیاراتِ عالیہ کی اجازت چاہی تو انہوں نے امام بارگاہ کی تعمیر نو کی شرط عائد کر دی۔ سعادت مند بیٹے نے حسبِ منشائے والدہ نہ صرف اعلےٰ پیمانے پر امام بارگاہ تعمیر کرائی بلکہ طلائی و نقرئی ضریح مبارک بنوا کر گھوارہء شہزادہ علی اصغرؑ، تابوت معصومہ سیدہ سکینہؑ اور تابوت بیمار کربلا امام علیؑ ابن الحسین زین العابدین کی تنصیب بھی کرائی جو اِن کے اعلےٰ ذوق اور عمدہ عقیدہ پر دلالت کرتے ہیں۔

1997 اور 1998 میں پانچ پانچ مومنین و سادات کو رفقاء سفر بنا کر مکمل زیارات کا شرف حاصل کر چکے ہیں۔

اِس تذکرہ کی چنداں ضرورت نہ تھی۔ لیکن کیا کیا جائے فراست علی بٹ پر مولائے کائنات علیہ السلام کا خاص کرم ہے۔ والیِ سہون حضرت شہباز قلندر علیہ الرحمتہ اور ایسے دیگر اولیاء کرام کی زیارات کے دوران بڑے بڑے اہلِ نظر فقراء سے اِن کی ملاقات اور آئندہ حالات کے بارے میں آگہی عام باتیں ہیں۔ یہ حضرت سیف زبان بھی ہیں۔ اور اِن کی کہی ہوئی باتیں بعض اوقات پتھر پر لکیر ثابت ہوتی ہیں۔ انہیں ستا کر کوئی چین سے نہیں بیٹھ سکتا۔ احباب انہیں مولا

کاملنگ کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ ستائے جانے کی بات یاد آگئی، 1998 میں زیارات کے سلسلے میں جدّہ اُترے تو انتظامیہ نے جان بوجھ کر کہ یہ چھ کے چھ آدمی شیعہ ہیں نہائت بد تمیزی کا اظہار کیا، اور نفرت سے رافضی رافضی، بد عتی بد عتی کہا۔ اس سلوک پر ملنگ باوا کا موڈ آف ہو گیا۔ تمام راستہ یہ اپنے آپ میں کُڑھتے رہے، مکہ معظّمہ پہنچے تو وہاں بھی دل برداشتہ رہے۔ ایک شب ایک ڈیڑھ بجے کا عمل ہو گا کہ یہ عجیب سی کیفیت میں اُٹھ کر کعبے چلے گئے اور رُکن یمانی جو مولائے کائنات امیر المومنین علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام کی جائے ولادت کی طرف بیّن اشارہ کرتا ہے اُس کے سامنے بیٹھ کر عجیب سی باتیں کرنے لگے، کہنے لگے یا مولاء! یہاں مجھ ایسے آدمی کی دلچسپی اور لگاؤ کے لئے رُکنِ یمانی اور چشمہ زم زم کے سوا کچھ نہیں۔ جدہ سے یہاں تک حقارت کی نظروں سے دیکھا جا رہا ہوں۔ دوبارہ یہاں کیوں آؤنگا؟ آپ چپ ہیں؟ یہ کہہ کر تسبیح ہاتھ میں لی مختلف آیات قرآنی کے بعد یا علیؑ یا علیؑ کا ورد کرنے لگے یہ آنکھیں بند کئے وجد کے عالم میں تھے۔ آخر بے ہوش ہو گئے لیکن زبان بند نہیں ہوئی، وہ تمام شُرطے جو روزانہ نفرت سے دیکھتے تھے اب فکر مند ہو کر گھبرا کر انہیں دبانے لگے۔ تلوے ہاتھوں سے ملنے لگے۔ درجن

کے قریب یہ شُرطے ملنگ باوا کی خدمت پر کس نے لگائے؟ یہ سوچئے تو کس کی ایڈمنسٹریشن یہ کام کروا رہی تھی؟ نماز کے وقت تک وہ شُرطے ملنگ باوا کی خدمت پر مامور رہے۔ ہوش میں آکر ملنگ باوا نے کڑک کر کہا یا علیؑ پھر اُن شُرطوں سے کہا آبِ زم زم لاؤ، دو شُرطے زم زم لینے بھاگے۔ ملنگ باوا نے کہا سب جاؤ اور زم زم لاؤ دوسرے لمحے آٹھ دس گلاس پانی پہنچ گیا جو موصوف نے سارا پی لیا پھر ایک ہی لمحے بعد آپ نے اُنہیں جھڑک کر کہا دفعہ ہو جاؤ، چلے جاؤ اور وہ یہ کہہ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ ھذا جن۔ ھذا جن۔ اور اُن کے ساتھ بھاری مجمع جو ان کے ارد گرد کھڑا تماشہ دیکھ رہا تھا وہ بھی بھاگ گیا۔ اور....... واقعی یہ ہم نے دیکھا ہے کہ جلال میں ملنگ باوا ہمیں بھی جن نظر آتے ہیں۔

(شاعرِ اہلبیتؑ) آثر تُرابی

مکان نمبر 15/3 گلی نمبر 62

بسطامی روڈ، جناح کالونی،

سمن آباد، لاہور

نوحہ

جب ماہِ مُحرم آتا ہے
شبیرؑ تیرا غم دنیا میں ہر سال منایا جاتا ہے

خشک زباں اصغر نے نکالی
تیر کماں حُرمل نے سنبھالی
ننھے مجاہد اصغرؑ کو یوں پانی پلایا جاتا ہے

لاش تیری پامال کرادی
خیمے نبیؐ کو آگ لگا دی
درد بھرا افسانہ تیرا ہر سال دُہرایا جاتا ہے

شمر کمینے دُر ہیں اُتارے
زخمی کئے میرے رُخسارے
للہ بچاؤ بابا مجھے اب قیدی بنایا جاتا ہے

یہ شمس کرے جن کا پردا
وہ بلوے عام میں ہیں بے ردا
تطہیر کے پردہ داروں کو بازار پھرایا جاتا ہے

نوحہ

کربل میں کیوں باغ نبیؐ کا اُمت نے ویران کیا
دین نبیؐ کی خاطر شاہ نے سر اپنا قربان کیا

بعد شہادت شاہ زیجاہ اُمت نے خوب جفا کی
چھین لیں چادریں حرموں کی خیموں کو آگ لگا دی
تطہیر کی مالک زینبؑ کو بلوے میں سر عریاں کیا

جس دم قافلہ آلِ نبیؐ کا شام شہر میں آیا
عید منائی شامیوں نے مینہ پتھروں کا برسایا
کلمہ پڑھنے والوں نے زخمی ناطق قرآن کیا

چھ ماہ کا لال اصغرؑ دے کر اکبرؑ سا لختِ جگر دے کر
عباسؑ کے بازو قاسم کے سہرے اور اپنا سر دے کر
ہائے خون سے کلمہِ حق لکھ کر اسلام پہ ہے احسان کیا

ستر قدم پہ زینبؑ تھی جب شمر نے خنجر چلایا
قرآن کا واسطہ دیتی رہی بے رحم کو ترس نہ آیا
شبیرؑ کے آخری سجدہ نے کُل عالم کو حیران کیا

لاش تیری بے گور و کفن یوں بن میں چھوڑ نہ جاتی
وطن مدینہ ہوتا بھائی مانگ کے کفن پہناتی
اسلام کے دعویداروں نے ہائے سر میرا عریان کیا

تم کہتے ہو ماتم بدعت ہے ہم کہتے ہیں عین عبادت ہے
انسان کی اصلی فطرت ہے یہ رونا عین سعادت ہے
تنویرِ شبیرؑ نے وحدت کا ہے زیرِ خنجر اعلان کیا

نوحہ

اِسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ
زینبؑ کی چادر نے اِسلام کی بدلی ہے تقدیر

سادات کو دین کی خدمت کا اُمت نے بدلہ خوب دیا
خیمے جلا کے راکھ کئے گھر بار بھی سارا لوٹ لیا
طوق پہنائے عابد کو اور زینبؑ کو زنجیر
اسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ

کافی ہے قرآن اکیلا ثانی نے فرمایا
قرآن سنا کے نیزے پر شبیرؑ نے یہ سمجھایا
میں ناطق قرآن ہوں جس کی زینبؑ ہے تفسیر
اِسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ

دربار یزید میں بیبیوں نے بالوں سے مُنہ کو چھپایا
دیکھ کھلا سر زینبؑ کا سجّادؑ نے رُو فرمایا
اے کلمہ گو کچھ شرم کرو ہے زہراؑ کی تصویر
اِسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ

اسلام کی خاطر سر ننگے بازار میں خطبے سنا گئی
شام کی راہ پہ مر کے زینبؑ دنیا کو دیکھلا گئی
خون حسینؑ کا چھپ جاتا گر ہوتی نہ ہمشیر
اِسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ

بیٹھ کے تیرے منبر پہ تحریر تیری ٹھکرادی
محسن پاک شہید کیا خیموں کو آگ لگا دی
حسنؑ کی میت پر اُمت نے برسائے ہیں تیر
اِسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ

تنویر شبیرؑ نے دین کی خاطر یہ نسخہ تجویز کیا
عباسؑ کے بازو اپنا گلا اکبرؑ کا جگر زینبؑ کی ردا
شبیرؑ کی عظمت کا شاہد اصغر کے گلے کا تیر
اِسلام بچایا سر دے کے پیر شبیرؑ

نوحہ

ہائے مٹ جاتا اِسلام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے
کلمے کا نہ رہتا نام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے

ابنِ علیؑ نے دشتِ بلا میں گھر اپنا لٹوایا
یہ دین ہوتا ناکام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے

احسان ہے سبطِ پیمبر کا طوفان سے دین بچایا
پھر کیا ہوتا انجام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے

نہ مسجد نہ منبر ہوتا گونجتی نہ آذانیں
نہ ہوتا درودُ سلام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے

نہ حافظ نہ قاری ہوتے نہ ملتی تفسیریں
نہ ہوتا پاک کلام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے

چادر زینبؑ کی دے کے عظمتِ اسلام بچائی
نہ ہوتا حلال و حرام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے

پہچان نبیؐ کی نہ ہوتی تنویر حدیث نہ ملتی
نہ لیتے نبیؐ کا نام اگر شبیرؑ نہ سر دیتے

نوحہ

دیکھ لو اے کوفیو میں زینبؑ دلگیر ہوں
بے ردا تو ہوں مگر میں صاحبِ تطہیر ہوں

جس نے دینِ حق کی خاطر اپنا سارا گھر دیا
خوں سے اپنے کر کے وضو آخری سجدہ کیا
میں اُسی مظلومِ کربل کی دُکھی ہمشیر ہوں

اے مسلمانوں تمہاری کھو گئی غیرت کہاں
آلِ احمد کا تماشہ دیکھنے آئے یہاں
مصحفِ ناطق سِناں پر جس کی میں تفسیر ہوں

لے چلو میداں میں مجھکو آئی اصغرؑ کی صدا
میرے خون کی ہے پیاسی گر زمینِ کربلا
تیر کھالوں گا گلے پر گرچہ میں بے شیر ہوں

کیا ہوا فوجِ حُسینی ہو گئی دیں پہ فدا
ایک انگلی کے اشارے سے کروں سب کچھ فنا
جائے مِٹ قصرِ اُمیہ بنتِ خیبر گیر ہوں

دیکھ کر غازی کا سر تو نیزے زینبؑ نے کہا
تو میرے پردے کا ضامن تھا اے غازی باوفا
آج ہے بازارِ کوفہ اور میں تشہیر ہوں

نوحہ

دین کو زندۂ جاوید بنانے کے لئے
تیرا ایثار شاہِ کربُ بلا کافی ہے

حُر یہ کہتا تھا سنو غور سے اے شمر شقی
کیا ہوا اگر نہ مجھے دولت و جاگیر ملی
بال کھولے گی میری لاش پہ جب بنت علیؑ
میں گنہگار ہوں زہراؑ کی دعا کافی ہے

دیکھ کر فوجِ ستمگر کو یہ زینبؑ نے کہا
بھائی تو بھی تو کوئی اپنا مددگار بُلا
مجھے کچھ غم نہیں اس بات کا سیدؑ نے کہا
میری اِمداد کو غازی کی وفا کافی ہے

بازو عباسؑ کے قاسمؑ علی اکبرؑ دوں گا
سر کٹا سجدے میں اپنا میں لُٹا گھر دوں گا
دینِ اسلام کی عظمت کو بچانے کے لئے
خونِ اصغر اور زینبؑ کی رِدا کافی ہے

سوچا اُمت نے تھا احمد کی نشانی نہ رہے
زندہ مظلوم رہے ظلم کے بانی نہ رہے
ہیں کہاں آج کوئی فاتحہ دیتا ہی نہیں
دشمنِ دین پہ لعنت کی سزا کافی ہے

یہی تنویرؔ کی ہے تجھ سے دُعا شاہِ زمن
وہ زمیں دیکھوں جہاں لُٹ گیا زہراؑ کا چمن
لاش تیری رہی جس خاک پہ بے گور و کفن
میری بخشش کو وہی خاکِ شفا کافی ہے

نوحہ

اے چاند مُحرم تو ہی بتا خاتون کا چاند کہاں ہے
آباد ہے ساری دُنیا زہراؑ کا چمن ویراں ہے

اے زاہد آ کے دیکھ ذرا شبیرؑ ہے عابد لاثانی
زخموں سے بدن ہے چور مگر سجدے میں جُھکائی پیشانی
جاری ہے زباں پہ ذکرِ خُدا گردن پہ خنجر رواں ہے

تو پر جبرائیل کی زینت تھا شبیرؑ تیرا کیا حال ہوا
رہی دیکھتی میں در خیمہ سے جب لاشہ تیرا پامال ہوا
بے گور و کفن ہو بھائی میرے زینبؑ کو یہی ارماں ہے

کلمہ تم پڑھتے ہو جس کا میں اُس سردار کی بیٹی ہوں
میں وارثِ چادر زہراؑ ہوں حیدر کرارؑ کی بیٹی ہوں
دیکھو نہ تماشہ شرم کرو اب زینبؑ سر عریاں ہے

کہتی تھی سکینہ عابد کو میں کس کو حال بتاؤں گی
کوئی بھی نہ ہوگا پاس میرے اِس قید میں ہی مر جاؤں گی
چھوڑو نہ اکیلا بھائی مجھے تاریک بہت زنداں ہے

تنویرؔ لے جا کر اصغرؑ کو میدان میں یہ سیّد نے کہا
پانی تو پلا دو اصغرؑ کو معصوم تو ہے بے جُرم خطا
تم بھی ہو مسلماں رحم کرو اصغرؑ کی خشک زباں ہے

نوحہ

تابوت پہ حسنؑ کے یہ تیر کیسے برسے
چادر اُتر گئی ہے بنتِ علیؑ کے سر سے

کچھ نہ علاج کرنا میرا حسینؑ بھائی
سہہ جاؤ تم صبر سے مظلوم کی جُدائی
ٹکڑے جگر ہوا ہے اب زہر کے اثر سے

سُن بات لو حسنؑ کی اس وقتِ آخری میں
کھولو نہ بال زینبؑ بھائی کی زندگی میں
زہراؑ کی جانشین ہو تم کام لو صبر سے

روضہ نبیؐ سے واپس کیوں آگیا جنازہ
پہلو میں مصطفٰےؐ کے نہ ہوا دفن نواسہ
صدمہ ہے کتنا پوچھو شبیرؑ کے جگر سے

ہے ابتداء ستم کی زہراؑ کی تم ہو نائب
رُوئے گی دنیا ساری سُن کر تیرے مصائب
گھبرا نہ جانا زینبؑ تم شام کے سفر سے

قاسم کو لاؤ فروا جی بھر کے دیکھ لوں میں
رونے نہ دینا اس کو مر جاؤں یا جیوں میں
سینے پہ تم سُلا دو کر پیار لوں پسر سے

کانپی زمینِ یثرب لرزہ تھا آسماں میں
تنویر تھی قیامت برپا ہوئی جہاں میں
زینبؑ لپٹ کے روئی نانا کی جب قبر سے

نوحہ

اُمّتؐ نے نواسے کا جو پیغام نہ ہوتا
اسلام کا دُنیا میں کہیں نام نہ ہوتا

قربانیِ شبیرؑ پہ ملتی نہ گواہی
مقتل میں جو اصغرؑ کا لہو عام نہ ہوتا

اُمت جو محمدؐ کے گھرانے سے نہ پھرتی
اسلام کی تاریخ پہ الزام نہ ہوتا

شبیرؑ اگر نیزے پہ قرآن نہ پڑھتے
کونین میں اللہ کا پیغام نہ ہوتا

زینبؑ تیرے خطبوں نے ہلائے ہیں کلیجے
تو قید نہ ہوتی تو کوئی کام نہ ہوتا

سر پیٹ کے بازاروں میں روتے نہ عزادار
زینبؑ کا کھلا سر جو سرِ عام نہ ہوتا

پہچان رسالتؐ کی اگر کرتے مسلماں
ھذیاں کا محمدؐ پہ یہ الزام نہ ہوتا

چلتی نہ سقیفہ سے جفاؤں کی ہوائیں
زینبؑ کے نصیبوں میں سفر شام نہ ہوتا

تنویر اگر بنتِ علیؑ شام نہ جاتی
مظلوم کا یوں ذکر کبھی عام نہ ہوتا

نوحہ

اُولادِ مصطفےٰؐ پہ قیامت گُزر گئی
زینبؑ کے سر سے چادرِ زہراؑ اُتر گئی

اصغرؑ تیرے جہاد کا ملتا نہیں جواب
تیرے لہو سے دین کی قِسمت سنور گئی

تیرے گلے پہ دیکھ کے خنجر کی دھار کو
کیوں ساتھ تیرے بھائی نہ ہمشیر مر گئی

ظالم بڑھے جو خیمے جلانے کے واسطے
شمرِ لعین کو دیکھ کے معصوم ڈر گئی

اُمت سے مانگتے ہو کیوں امداد اے حسینؑ
غازی نہیں تو کیا تیری ہمشیر مر گئی

سورج نے جس کے شرم سے مُنہ کو چھپالیا
دربار میں یزید کے وہ ننگے سر گئی

تنویرؔ حشر تک نہ اُٹھے گی یزیدیت
زینبؑ بازارِ شام سے کچھ یوں گزر گئی

نوحہ

ید کربلا پُر درد یہ تیرا فسانہ ہے
ایا برباد اُمت نے محمدؐ کا گھرانہ ہے

کہا عباسؑ نے مولا یہاں خیمے نہ لگوائیں
نبیؐ کی بیٹیاں ہیں ساتھ یہ جنگل ویرانہ ہے

مٹانا چاہتے تھے وہ فقط دینِ محمدؐ کو
نایا اس لئے ظالم نے بیعت کا بہانہ ہے

شمر نے دُر اُتارے اور طمانچے بھی مجھے مارے
نہیں ہمدرد کوئی آج دشمن کل زمانہ ہے

نہ گھبرانا میری گردن پہ جب خنجر چلے زینب
میرا ہے کام کربل تک تمہیں تو شام تک جانا ہے

سند کے ٹکڑے کر ڈالے گواہ میرے بھی جھٹلائے
کیا قبضہ فدک پر ظالموں نے غاصبانہ ہے

سپاہی آخری تنویرؔ جب شبیرؑ لے آئے
نایا سندل حُرمل نے تیروں کا نشانہ ہے

نوحہ

لُٹا ہے کربل کی سر زمیں پر جو آلِ احمدؐ کا کارواں ہے
فلک کے دامن میں جو ہے سرخی وہ خونِ شبیرؑ کا نشاں ہے
مجھے تو بے شک نہ دیتا پانی تم اپنے ہاتھوں سے خود پلا دو
قصور کوئی نہیں ہے اس کا صغیر اصغرؑ تو بے زباں ہے
ڈھلی تھی سر سے رِدا میری جب تو شمس نے بھی کیا تھا پردا
میں آج بلوے میں ہوں کُھلے سر وہی زمیں اور آسماں ہے
شہید کربل کا غم وہ غم ہے جو تا قیامت رہے گا تازہ
قسم خُدا کی عجیب کتنی غریب سیّد کی داستاں ہے
سقیفے والو بتاؤ کیوں نہ دیا جنازہ نبی کو کاندھا
اُٹھانے والے ہیں ہاشمی چند جنازہ سرکارِ دو جہاں ہے
پسر کے لاشہ پہ آ کے تنویرؔ رو کے شبیرؑ کہہ رہے تھے
میری نگاہوں کے نور اکبرؑ مجھے تُو آواز دے کہاں ہے

نوحہ

گُلشنِ آل محمدؐ ہو گیا ویران ہے
عالمِ اِسلام پہ شبیرؑ کا احسان ہے
ٹکڑے ٹکڑے دیکھ کر مظلوم بھائی کا بدن
لاشہِ شبیرؑ پہ زینبؑ کھڑی حیران ہے
دیکھ کر خنجر چلاؤ اے مسلمانوں ذرا
ہے جگر گوشہ نبیؐ کا فاطمہؑ کی جان ہے
رُو نہیں سکتی تمہیں بھائی بہت مجبور ہوں
بے کفن لاشہ تمہارا بس یہی ارمان ہے
کون ہے کس کو سناؤں اپنے غم کی داستاں
ہیں تماشائی مسلماں میرا سر عرُیاں ہے
کر گئے تنویرؔ شاہ نوکِ سناں پہ فیصلہ
ہو نہیں سکتا جُدا یہ آل اور قرآن ہے

نوحہ

مظلومِ کربلا کی عزادار آگئی
زینب برہنہ سر سرِ بازار آگئی

جس کے حیاء سے شمس نے منہ کو چھپالیا
اُمت شقی نے قیدی اُسی کو بنا لیا
کربُ بلا کے دشت سے بازارِ شام میں
چادر لُٹا کے قافلہ سالار آگئی

زینبؑ نے زندگی میں نہ دیکھی کوئی خوشی
روتی ہوئی وہ شام کی راہوں پہ مرگئی
تنہا لحد میں بھائی کو رونے کے واسطے
سرکارِ پنجتن کی وہ غمخوار آگئی

آیا سوال جب کبھی دیں کے اصول کا
آیا ہے کام خون علیؑ و بتولؑ کا
سُنت ادا بتولؑ کی کرنے کے واسطے
شبیرؑ کی بہن بھرے دربار میں آگئی

تلوار کے بغیر لڑونگی میں ایسی جنگ
خطبے پڑھوں گی ایسے کہ دشمن بھی ہوں گے دنگ
دیکھو حسینؑ تم بھی ہمارے جہاد کو
زینبؑ ہے آج بن کے علمدار آگئی

محشر کے روز آئے گی جب نائبِ بتولؑ
تنویر یہ کہیں گے خُدا سے میرے رسول
زندہ رکھے ہیں جس نے ارادے حسینؑ کے
یا رب وہ میرے دیں کی مددگار آگئی

نوحہ

آجا علی اصغرؑ تمہیں سینے سے لگا لوں
کیوں روٹھ گئے لوریاں دے دے منا لوں

اے چاند میرے مرنے کو جاتے ہو خُدا حافظ
ٹھہرو ذرا بکھری ہوئی زلفوں کو سجا لوں

بے تاب ہو جھولے میں ہے شوقِ شہادت
رُک جاؤ میں صغرا کو مدینے سے بُلا لوں

تو بول نہیں سکتا یہ کہتی ہے سکینہؑ
بھائی میں تمہیں مانگنا پانی تو سکھا دوں

کم سن ہوں مگر ظالموں سے مانگ کے پانی
اِس قوم کا سویا ہوا احساس جگا دوں

ہاتھوں پہ تڑپتے ہوئے اصغرؑ سے کہا بیٹا
مر جائے نہ ماں تیری اگر تیر دِکھا دوں

شبیرؑ نے سوچا تھا پامالی سے بچ جائے
چھوٹی سے قبر کھود کے اصغرؑ کو چُھپا دوں

مارا گیا دریا کے کنارے میرا اصغر
دل چاہتا ہے اس پانی کو میں آگ لگا دوں

تنویرؔ یہ حُرمل نے کہا حُکم مجھے دو
اِک تیر سے معصوم کی میں پیاس بُجھا دوں

نوحہ

فرزندِ فاطمہؑ کو اُمت نے کیوں ستایا
مجبور ہو کے سیدّ بَن کربلا میں آیا

قاسمؑ سے کہہ رہی تھی مادر بوقتِ رُخصت
میداں میں رکھنا بیٹا تم بیوہ ماں کی عزت
دیکھے زمانہ تجھ کو بیٹا حسنؑ کا آیا

گھوڑے سے گرِ گیا ہے کس کے جگر کا ٹکڑا
سہرے بکھر گئے ہیں کس کا سہاگ اُجڑا
میداں سے لاش چُن کر کس کی حسینؑ لایا

سجدہ کیا جو تو نے زخموں بھری جبیں سے
ڈوبی ہوئی لہو میں جلتی ہوئی زمیں پہ
سر رکھ دیا تھا تو نے قاتل نے پھر اُٹھایا

خونِ حسینؑ منہ پہ بالوں میں خاکِ کربل
لے جا رہے ہیں مجھ کو بھائی تمہارے قاتل
چادر لٹی ہے میری بالوں سے منہ چھپایا

کل شام میں نہ آئی خیمے جلے ہمارے
زخمی ہوئی سکینہؑ ظالم نے دُر اتارے
مشکل سے میں نے تیرے سجادؑ کو بچایا

تنویر دل ہے جلتا یاد آئے جب وہ منظر
بازارِ شام میں جب زینبؑ گئی کُھلے سَر
اُمت نے کی چراغاں بازار کو سجایا

نوحہ

حُسینؑ تجھ کو زمانہ بُھلا نہیں سکتا
تمہارے غم کو دِلوں سے مٹا نہیں سکتا

یہ جانتا ہے زمانہ کہ میرا نانا رسُولؐ
رگوں میں خونِ علیؑ اور میری ماں ہے بتُولؑ
میں سر یزید کے آگے جھکا نہیں سکتا

کہاں ہو قاسمؑ بیٹا ذرا ادھر آؤ
چچا عباسؑ کو نہر فرات سے لاؤ
حُسینؑ لاشہِ اکبرؑ اُٹھا نہیں سکتا

بقاء حُسینؑ کو دی آپ مر گئی زینبؑ
بے گور لاش پہ وعدہ یہ کر گئی زینبؑ
کوئی یزید تیرا خوں چھپا نہیں سکتا

کہا سجادؑ نے شاہِ نجف مدد کرنا
یہ حُکم بابا کا ہے میں نے جنگ نہیں کرنا
خیام جلنے لگے ہیں بجُھا نہیں سکتا

ستم کئے تیری امت نے دیکھئے نانا
یہ میری پُشت پہ تحریر ہے سفر نامہ
جو زخم دِل پہ لگے وہ دِکھا نہیں سکتا

یہ شامیوں نے ہے تنویر کتنا ظلم کیا
جلائی چادرِ تطہیر کتنا جُرم کیا
قرآن کوئی مُسلماں جلا نہیں سکتا

نوحہ

زینبؑ تیری چادر کے لٹ جانے کا ارماں ہے
کونین کی شہزادی کیوں سر تیرا عریاں ہے

دربار میں ظالم کے حق بات سُنا آئی
اِسلام کی کشتی کو طوفاں سے بچا لائی
زینبؑ تیری جُرأت پہ تاریخ بھی حیراں ہے

سینے پہ سکینہؑ کو شبیرؑ سُلاتے تھے
معصوم سکینہؑ کے سب ناز اُٹھاتے تھے
اب خاک کا بستر ہے اور شام کا زنداں ہے

الزام محمدؐ پہ ھذیاں کا لگاتا ہے
دُختر پہ محمدؐ کی جو طاق گراتا ہے
انصاف کرو تم ہی وہ کیسا مسلماں ہے

مرنے کے لئے دیں پہ مقتل کو میں جاتا ہوں
زینبؑ تجھے اس گھر کا سردار بناتا ہوں
اب میرے یتیموں کی بس تو ہی نگہباں ہے

دیکھو اے جہاں والو تم شان امامت کی
شبیرؑ نے پائی ہے معراج عبادت کی
نیزے کی انی پر بھی جاری رہا قرآں ہے

ہم ظُلم پہ ظالم کے خاموش رہیں کیونکر
مظلوم کے دشمن پہ لعنت نہ کریں کیونکر
بچوں کو ذبح کرنا جن لوگوں کا ایماں ہے

نوحہ

گلزارِ پنجتن کا بس آخری یہ پھول ہے
ہائے غریبِ کربلا۔ لختِ دلِ بتولؑ ہے

میری جان کے دشمن کیوں ہو میرا کوئی قصور نہیں
دینِ رسول اور پاک قرآں سے رہ سکتا میں دور نہیں
وقت کا امام ہوں نانا میرا رسولؐ ہے
ہائے غریبِ کربلا۔ لختِ دلِ بتولؑ ہے

اُس فاسق کی بیعت کرلوں یہ مجھ کو منظور نہیں
موت کے ڈر سے جھک جاؤں گا میں اتنا مجبور نہیں
کاٹ لو میرا گلا مرنا مجھے قبول ہے
ہائے غریبِ کربلا۔ لختِ دلِ بتولؑ ہے

پاؤں پکڑ رُباب حسینؑ کی لاش پہ فریاد کرے
گود لٹی سر تاج ہے مارا کس کس کو اب یاد کرے
ہائے حسینؑ کے سوا یہ زندگی فضول ہے
ہائے غریبِ کربلا۔ لختِ دلِ بتولؑ ہے

کہتی تھی دربار میں زینبؑ ختم ہوا اب کام ہمارا
لعنت بن جائے گا ظالم دونوں جہاں میں نام تمہارا
ظلم کو بقاء نہیں قدرت کا یہ اصول ہے

ہائے غریبِ کربلا۔ لختِ دلِ بتولؑ ہے

حکمِ خدا تھا آلِ نبیؐ پہ سب مُسلم صلوٰۃ پڑھو
شامیوں نے اعلان کیا ہے پتھروں کی برسات کرو
ظالموں سوچ لو یہ ثانیِ بتولؑ ہے
ہائے غریبِ کربلا۔ لختِ دلِ بتولؑ ہے

تنویرؔ حسینؑ کے صبر نے ساری دنیا کو حیران کیا
داغِ بہتر دل پہ سہہ کے سر اپنا قربان کیا
ہائے شہیدِ کربلا تُو صبر کا رسولؐ ہے
ہائے غریبِ کربلا ۔لختِ دلِ بتولؑ ہے

نوحہ

شبیرؑ پہ اتنے ظُلم کیے اِسلام کے دعویداروں نے
مظلوم پہ آنسو بہائے ہیں سورج اور چاند ستاروں نے

دربارِ خلافت سے زہراؑ روتی ہوئی واپس آئی ہے
دربار یزید میں زینبؑ کو سر ننگے اُمت لائی ہے
اولادِ رسولؐ کو لُوٹا ہے اِس اُمت کے درباروں نے

شبیرؑ کے غم کی اُلفت میں ہم نے ہیں اُٹھائے لاکھ ستم
گھر لُٹتے رہے سر کٹتے رہے پر ہو نہ سکے حُب دار ختم
رسمِ حسینی زندہ رکھی شبیرؑ کے ماتم داروں نے

سادات کی خاطر شامیوں نے سارے بازار سجائے ہیں
آلِ نبیؐ کو تحفے دینے کلمہ گو سب آئے ہیں
پتھروں کی برسات لگی رنگ بدلے ہیں دیواروں نے

خنجر کے تلے سجدہ کرنا یہ ہے معراج عبادت کی
بے تاب ہے اصغرؑ جھولے میں ہے کتنی شوق شہادت کی
اسلام کا دامن دھو ڈالا اصغرؑ کے خون کی دھاروں نے

نوحہ

کس طرح تم کو سناؤں کربلا کی داستاں
ظُلم کی حد ہو گئی کر نہیں سکتا بیاں
آج اکبرؑ کی جوانی خاک میں مل جائے گی
پھر کبھی صورت محمدؐ کی نظر نہ آئے گی
دنیا والوں کو سنا دو آخری اکبرؑ اذاں
اے حسینؑ ابنِ علیؑ تو صبر کا ہے تاجدار
سر پہ دستارِ رسالتؐ ہاتھ میں ہے ذوالفقار
تیری غربت پہ نہ روئے کیوں زمین و آسماں
راستہ کربل سے لے کر شام تک دشوار ہے
قافلہ سالار عابد ناتواں بیمار ہے
ہاتھ رسیوں میں بندھے ہیں پاؤں میں ہیں بیڑیاں
کیا بتاؤں تم کو نانا جو ستم کرتے رہے
ہر قدم پر تازیانے سے رقم کرتے رہے
پُشت میری پہ لکھی ہے بے کسی کی داستاں
کرتے ہیں تنویر دعویٰ نُصرتِ اِسلام کا
بھول جاتے ہیں مسلماں کیوں وہ منظر شام کا
فاطمہ کی بیٹیاں ہیں سر برہنہ الاماں

نوحہ

تیرے دَم سے حسینؑ ابنِ علیؑ اِسلام باقی ہے
خُدا کا دین زندہ ہے نبیؐ کا نام باقی ہے
کٹادو سر خوشی سے راہِ حق میں اے مُسلمانوں
زمانے کے لئے شبیرؑ کا پیغام باقی ہے
نہ غُربت کی صدا دینا علی اصغرؑ کی ماں بولی
ابھی تو گود میں میری یہ تشنہ کام باقی ہے
سوالِ آب پر شبیرؑ کو شامی یہ کہتے ہیں
شہادت کا تمہارے واسطے بس جام باقی ہے
رہے نہ ظلم کے بانی کہاں تختِ یزیدی ہے
تیرا ہی ذکر دو عالم میں صبحِ شام باقی ہے

نوحه

پرچمِ عباسؑ پہ لکھی ہے غم کی داستاں
حشر تک لہرائے گا بن کے وفا کا پاسباں

آپ کو زہراؑ نے مانگا تھا اِسی دن کے لئے
چین سے سویا نہ تھا تو عُمر بھر جن کے لئے
کیوں تمہاری زندگی میں لُٹ گیا وہ کارواں

شام کی فوجوں سے تم کو کیوں نہیں لڑنے دیا
کیوں لبِ دریا سے خیمے ہٹ گئے غازی بتا
تُو ہی تھا مظلوم کا کربُ بلا میں رازداں

ماشکی بن کر گئے کچھ بھی نہ پانی لا سکے
ہاتھ کٹوائے لبِ دریا نہ پانی لا سکے
راہ تمہاری دیکھتا ہے اب بھی اصغرؑ بے زباں

نوحه

ن عاشور کا گذرا کیسے یہ مظلوم شبیرؑ سے پوچھو
کون ہے قاتل سبطِ نبیؐ کا یہ دُکھیا ہمشیر سے پوچھو

کربل کے مظلوم سکھا گئے مرنے کے انداز نرالے
دینِ اسلام کی خاطر مرنا تم اصغرؑ بے شیر سے پوچھو

کس کو خبر تھی اک دن زینبؑ بن کر قیدی آئے گی کوفے
بن چادر دربار گئی کیوں خالق کی تقدیر سے پوچھو

جلتے خیمے بال پیاسے شمر کے ڈر سے کانپ رہے تھے
گذری کیسے شامِ غریباں یہ زینبؑ دلگیر سے پوچھو

وزنی طوق پہن کر کیسے کربل سے وہ شام گیا ہے
کتنے دُکھ بیمار نے دیکھے عابدؑ کی زنجیر سے پوچھو

خشک لبوں کو کھول کے اصغرؑ کیسے پانی مانگ رہا ہے
کیوں چُپ ہو گیا تڑپ کے اصغر یہ حُرملہ کے تیر سے پوچھو

زینبؑ اور کلثومؑ کی عظمت دُنیا کو معلوم نہیں ہے
پاک رسولؐ خدا سے پوچھو یا آیت تطہیر سے پوچھو

بندگی کی معراج بنا تنویر حسینؑ کا آخری سجدہ
ذکرِ خدا کیا آخری دم تک قاتل کی شمشیر سے پوچھو

نوحہ

غمگین دو جہاں ہیں کربل کی داستاں سے
امت نے پھول توڑے زہراؑ کے گلستاں سے

چھیدا گلوئے اصغرؑ اور ساتھ ماں کا دل بھی
نکلا جو تیر حُرمل ظالم تیری کماں سے

سوئے لبِ فرات پہ بازو کٹا کے غازیؑ
لے آئے پانی اصغرؑ تیری بہن کہاں سے

اب تک جہاں میں ہر سو لہرا رہا ہے پرچم
حسرت جھلک رہی ہے عباسؑ کے نشاں سے

شاید نبیؐ کا چہرہ پہچان لیں مسلماں
اکبرؑ نقاب الٹو شاہ نے کہا جواں سے

برچھی نکالی شاہ نے جب سینۂ پسر سے
ٹکڑے جگر کے دیکھے لپٹے ہوئے سِناں سے

میرے دیکھتے تمہاری لاش پامال ہو گئی
میں کیا کہوں گا بیٹا قاسمؑ تمہاری ماں سے

غیرت کہاں ہے تیری آلِ نبیؐ کے دشمن
کلمہ اُسی نبیؐ کا پڑھتے ہو کس زباں سے

تنویر جو گرے تھے معصوم راستے میں
پھر لوٹ کر نہ آئے بچھڑے جو کارواں سے

نوحہ

کیوں اجرِ رِسالت کا فرمان بُھلایا ہے
اولادِ محمدؐ کا ہائے خون بہایا ہے

جو آگ سقیفہ میں ظالم نے تھی سُلگائی
بن شعلہ گئی جب وہ درِ فاطمہؑ پہ آئی
اُس آگ نے کربل میں خیموں کو جلایا ہے

خیموں سے اٹھے شعلے معصوم پریشاں ہیں
عباسؑ نہ قاسمؑ ہیں سادانیاں حیراں ہیں
بیمار کو مشکل سے زینبؑ نے بچایا ہے

خوش فوجِ ستمگر ہے بربادیٔ عطرت پہ
سر ننگے رَسن بستہ شہزادیٔ عصمت ہے
سجادؑ کی گردن میں ہائے طوق پہنایا ہے

ہمشکلِ پیغمبرؐ کے سینہ میں سناں دیکھی
روتی ہوئی مقتل میں ہمشیر وہاں دیکھی
شبیرؑ نے اکبرؑ کا جب لاشہ اٹھایا ہے

بکھرا ہوا مقتل میں قاسمؑ کا بدن پایا ہے
دامن میں اٹھا لاشہ شبیرؑ نے فرمایا
بھائی کا کفن مجھکو پھر یاد دلایا ہے

تیری لاش پہ رونا تھا پابند رَسن ہو کر
ارمان رہے دل میں لیلیٰ نے کہا رو کر
اکبرؑ تجھے مادر نے دُولہا نہ بنایا ہے

کیا جُرم ہے اصغرؑ کا معصوم ہے مہماں ہے
قرآن نہیں لوگو جز ناطقِ قرآں ہے
تسکینِ اِمامت کو کیوں پیاسہ سُلایا ہے

زخموں سے ہے تن چھلنی سر تاجِ امامت کا
دنیا سے انوکھا ہے انداز عبادت کا
سر رکھ دیا سجدہ میں قاتل نے اٹھایا ہے

تنویر کیوں امت نے زہراؑ کا چمن لوٹا
زینبؑ کی ردا لوٹی بھائی کا کفن لوٹا
سر سبطِ پیغمبرؐ کا نیزے پہ چڑھایا ہے

نوحہ

گر دین میں قربانیِ شبیرؑ نہ ہوتی
اِسلام کی دنیا میں یہ توقیر نہ ہوتی

مرنے کی اجازت تجھے ماں دیتی نہ اکبرؑ
طوفاں میں اگر کشتیِ شبیرؑ نہ ہوتی

کربل میں اگر کٹتے نہ عباسؑ کے بازو
بے پردہ کبھی وارث تطہیر نہ ہوتی

مفہوم اگر اجرِ رِسالت کا سمجھتے
سجادؑ کے پاؤں میں یہ زنجیر نہ ہوتی

سجادؑ کی آنکھوں سے کبھی خوں نہ برستا
بلوے میں اگر زینبؑ دلگیر نہ ہوتی

شبیرؑ کا سر نیزہ پہ کرتا نہ تلاوت
قرآن تو ہوتا کوئی تفسیر نہ ہوتی

